## سوال

(47) نماز کے بعد پیشانی پر لگی ہوئی مٹی جھاڑنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہم نے بعض لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ نماز کے بعد پیشانی پر لگی ہوئی مٹی کا جھاڑنا مکروہ ہے۔ کیا اس بات کی کوئی دلیل ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہمارے علم کے مطابق اس کی کوئی دلیل نہیں البتہ سلام پھیرنے سے پہلے ایسا کرنا مکروہ ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ ایک دفعہ بارش کی رات میں جب آپ صبح کی نماز سے فارغ ہوئے تو دیکھا گیا کہ آپ کے چہرہ پر پانی اور مٹی کے آثار ہیں یہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ نماز سے فارغ ہونے سے پہلے پیشانی سے مٹی وغیرہ کا نہ جھاڑنا افضل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

**صفحہ: 107**

**محدث فتویٰ**